# جے کے ٹی پی او نے 'حوصلہ' اور جے کے آر ایل ایم خواتین کاروباریوں کیلئے ورکشاپ اور نیٹ ورکنگ سیشن کا جموں میں اِنعقاد کیا

جموں/ جموں وکشمیر ٹریڈ پروموشن آرگنائزیشن (جے کے ٹی پی او) نے 'حوصلہ' اور جے کے آر ایل ایم خواتین کاروباریوں، سیلف ہیلپ گروپس اور کلسٹر لیول فیڈریشنوں کے لئے ایک جامع ورکشاپ اور نیٹ ورکنگ سیشن کا اِنعقاد کیا۔ منیجنگ ڈائریکٹر جموں وکشمیر ٹریڈ پروموشن آرگنائزیشن (جے کے ٹی پی او) ڈاکٹر دیونش یادو نے شرکأ اور ممتاز مقررین کا خیر مقدم کیا اور 'حوصلہ' پہل، جے کے ٹی پی او کے مقاصد اور اس اقدام کو کامیاب بنانے کی کوششوں کے بارے میں بتایا۔ 'حوصلہ' کے تحت جموں وکشمیر ٹریڈ پروموشن آرگنائزیشن (جے کے ٹی پی او) کا بنیادی مقصد جموں وکشمیر کی خواتین کاروباریوں کے لئے ماحولیاتی نظام کی تعمیر کرنا ہے۔ اس میں انہیں تربیت، رہنمائی، مارکیٹنگ سپورٹ، بی ٹو بی میٹنگز، ان کے کاروبار میں کامیابی حاصل کے لئے ان کا دست تعاون کرنا شامل ہیں۔ مشن ڈائریکٹر جموں وکشمیر رورل لائیولی ہڈ مشن (جے کے آر ایل ایم) اندو کنول چب نے جے کے آر ایل ایم کے ڈھانچے کے بارے میں بتایا۔ اُنہوں نے کہا کہ جے کے آر ایل ایم کے پاس 5.5 لاکھ خواتین 60,000 سیلف ہیلپ گروپس اور 500 کلسٹر لیول فیڈریشن کی اَفرادی قوت ہے۔ وہ بھی منصوبہ بنا رہے ہیں کہ دو برس میں مزید 18,000 سیلف ہیلپ گروپس شامل کریں۔ اُنہوں نے بتایا کہ ایس ایچ جی سروس سیکٹر کو بھی لے گا اور کلاؤڈ کچن، ٹیوشن، ٹفن سروس، ڈے کیئر وغیرہ جیسی خدمات فراہم کرے گا۔ جے کے ٹی پی او اور جے کے آر ایل ایم دونوں نے جے کے آر ایل ایم خواتین کی حوصلہ ممبران سے باہمی تعاون کے ساتھ میٹنگ منعقد کرنے اور ان کے درمیان کاروباری مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا۔ بزنس اکاؤنٹنگ اور بی ٹو بی لاجسٹکس دو سیشن منعقد کیے گئے۔



سیکٹورل فوکس بزنس ٹو بزنس میٹنگوں نے خواتین کو اَپنے متعلقہ شعبوں میں کاروباریوں کے ساتھ جُڑنے اور کاروباری مواقع تلاش کرنے میں مدد کی۔ جموں صوبہ کے تقریباً تمام اَضلاع سے زائد از 60 خواتین کاروباریوں نے میٹنگ میں ذاتی طور پر شرکت کی اور کشمیر صوبہ کی خواتین نے بذریعہ ورچول موڈ میٹنگ میں شمولیت اختیار کی۔ جن شعبوں پر توجہ مرکوز کی گئی ان میں شعبے ایگری اینڈ فوڈ پروسسنگ، ہینڈ لوم اور ہینڈی کرافٹس، ملبوسات اور کپڑے، زیورات اور جیولری ڈیزائن وغیر شامل ہیں اور نمونوں اور رابطوں کا تبادلہ ہوا۔ یہ ملاقات مستقبل قریب میں کامیاب بزنس ٹائی اَپس کا باعث بنے گی۔ میٹنگ اِنتہائی نتیجہ خیز رہی اور تمام شراکت داروں نے اسے سراہا۔ جے کے ٹی پی او باقاعدگی سے رجسٹرڈ ممبران اور حوصلہ خواتین اَنٹرپرینیوروں کے لئے قومی اور بین الاقوامی سطح پر بائیلر۔ سیلر میٹس، تجارتی میلوں، نمائشوں، کانفرنسوں، سمیناروں وغیرہ کا اہتمام اور ان میں حصہ لیتا ہے۔ ان تقریبات میں شرکت کے لئے جموں وکشمیر کے سٹارٹ اَپ ایکسپورٹر، انٹرپرینیور، بیچنے والے جے کے ٹی پی او پر خود کو رجسٹر کر سکتے ہیں۔